# CBSE Sample Question Paper

## XII - Urdu (Elective)

## 2018-2019

کل نشانات: 100      وقت: 3 گھنٹے

Time allowed : 3 Hours.      Max. Marks. 100

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے۔ (10)

''میں مچھر کی زندگی کو دل سے پسند کرتا ہوں۔ دن بھر بے چارہ خلوت خانے میں رہتا ہے۔ رات کو جو خدا کی یاد کا وقت ہے، وہ باہر نکلتا ہے اور پھر تمام شب، تسبیح و تقدیس کے ترانے گایا کرتا ہے۔ آدمی غفلت میں پڑے سوتے ہیں تو اس کو ان پر غصہ آتا ہے۔ چاہتا ہے کہ یہ بھی بیدار ہو کر اپنے مالک کے دیے ہوئے اس سہانے خاموش وقت کی قدر کرے اور حمد و شکر کے گیت گائے۔ اس لیے پہلے ان کے کان میں جا کر کہتا ہے اٹھو میاں، اٹھو، جاگو، جاگنے کا وقت ہے۔ سونے کا اور ہمیشہ سونے کا وقت ابھی نہیں آیا۔ جب آئے گا تو بے فکر ہو کر سونا۔ اب تو ہوشیار رہنے اور کچھ کام کرنے کا موقع ہے مگر انسان اس سُریلی نصیحت کی پرواہ نہیں کرتا اور سوتا رہتا ہے تو مجبور ہو کر غصہ میں آجاتا ہے اور اس کے چہرے اور ہاتھ پاؤں پر ڈنک مارتا ہے۔ پرواہ رے انسان، آنکھیں بند کیے ہوئے ہاتھ پاؤں مارتا ہے اور بے ہوشی میں بدن کھجا کر پھر سو جاتا ہے۔''

(i) شاہ صاحب کو مچھر کی زندگی کیوں پسند ہے؟

(ii) انسان مچھر کی نصیحت کی پرواہ نہیں کرتا تو وہ کیا کرتا ہے؟

(iii) مچھر کو انسان پر غصہ کیوں آتا ہے اور وہ اس سے کیا کرانا چاہتا ہے؟

(iv) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس سبق کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(v) درج ذیل الفاظ کی وضاحت کیجیے:

خلوت خانہ      حمد و شکر کے گیت گانا

( یا )

خوجی آزاد کا ایک بگڑا ہوا خاکہ ہونے کے باوجود اپنی ہستی ہم سے منوالیتا ہے اور سنجیدگی کی دنیا سے باہر نکل کر ہم سے سنجیدہ تنقید کے سارے حربے چھین لیتا ہے۔ لااُبالی پن کے باوجود اس میں ایک تسلسل ہے، اس کی افیون کی دنیا اس کے چند زبان زد فقرے، قرولی کی ہر قدم پر یاد، آزاد سے محبت، پانی سے خوف، اپنی کمزوریوں اور غلطیوں سے بے خبر ہونا اور اپنے کو حسین اور خوبصورت سمجھنا، اکڑ، غصہ، یہ سب اور ایسی بہت سی دوسری باتیں ہندوستان اور ہندوستان کے باہر اس کے ہر عمل اور فعل سے ظاہر ہوتی ہیں، کوئی شخص اس سے سنجیدگی سے باتیں کرنا چاہتا ہے، وہ اپنی نفسی کجروی کی وجہ سے یہی سمجھتا ہے کہ اس کا مذاق اڑایا جا رہا ہے۔ کوئی عورت اس کا قد اور چہرہ دیکھ کر ہنستی ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ اس کی تیز نگاہ سے گھائل ہوگئی۔ خوجی میں ایک دنیادار آدمی کا تدبّر بھی ہے۔

(i) خوجی میں کیا خوبی ہے؟

(ii) اپنی ہستی منوانے کے لئے خوجی کیا کرتا ہے؟

(iii) اپنی نفسی کجروی کی وجہ سے خوجی کیا سمجھتا ہے؟

(iv) خوجی کے ہر عمل اور فعل سے کیا باتیں ظاہر ہوتی ہیں؟

(v) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے، سبق کے مصنف کا نام کیا ہے؟

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو الفاظ میں جواب لکھئے۔ (5)

(i) مکتوب نگاری کی روایت کا جائزہ غالب کے خطوط کی روشنی میں لیجئے؟

(ii) کنہیالال کپور کی مزاح نگاری پر ایک جامع نوٹ لکھئے۔

3۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (10)

(i) افسانہ 'فوٹوگرافر' میں زندگی کی کس حقیقت کو بیان کیا گیا ہے؟

(ii) سائنسدانوں نے کیا دوا ایجاد کی اور کیوں؟

(iii) جنگ آزادی کی تاریخ میں جلیانوالہ باغ کی کیا اہمیت ہے؟

(iv) لاہور پہنچ کر رام لعل کن معروف ادیبوں سے ملے؟

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: (10)

لذت ترے کلام میں آئی کہاں سے یہ
پوچھیں گے جاکے حالؔی جادو بیاں سے ہم
زماں مکاں تھے مرے سامنے بکھرتے ہوئے
میں ڈھیر ہوگیا طول سفر سے ڈرتے ہوئے

اول شب وہ بزم کی رونق ، شمع بھی تھی پروانہ بھی
رات کے آخر ہوتے ہوتے ختم تھا یہ افسانہ بھی

ہوگا افسردہ ستاروں میں کوئی نالۂ صبح
غنچہ و گل میں کہیں باد سحر بھی ہوگی

آنکھوں میں چھپائے پھر رہا ہوں
یادوں کے بجھے ہوئے سویرے

(i) زماں مکاں کے بکھرنے کا کیا مطلب ہے؟
(ii) یادوں کے بجھے ہوئے سویرے سے کیا مراد ہے؟
(iii) اول شب بزم کی رونق کیسی تھی اور صبح تک کیا ہوا؟
(iv) ''افسردہ ستاروں میں کوئی نالۂ صبح'' ہونے کا کیا مطلب ہے؟
(v) شاعر اپنے کلام کی لذت کے بارے میں کس سے پوچھنا چاہتا ہے؟

( یا )

زندگی سے ڈرتے ہو؟
زندگی تو تم بھی ہو، زندگی تو ہم بھی ہیں!
آدمی سے ڈرتے ہو؟
آدمی تو تم بھی ہو، آدمی تو ہم بھی ہیں!
اس سے تم نہیں ڈرتے
حرف اور معنی کے رشتہ ہائے آہن سے، آدمی ہے وابستہ
آدمی کے دامن سے زندگی ہے وابستہ

(i) آدمی کس چیز سے وابستہ ہے؟
(ii) شاعر نے آدمی کی کیا تعریف کی ہے؟
(iii) ''آدمی کے دامن سے زندگی ہے وابستہ'' کا کیا مطلب ہے؟
(iv) شاعر کس سے ڈرنے کے بارے میں پوچھ رہا ہے؟
(v) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو(100) الفاظ میں لکھئے۔ (5)

(i) علامہ اقبال کی نظم ''روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے'' کا مرکزی خیال کم از کم سو الفاظ میں لکھئے۔

(ii) طویل نظم سے کیا مراد ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

6۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (10)

(i) ناصر کاظمی کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھئے؟

(ii) گل رنگ دریچوں سے کیا مراد ہے؟

(iii) ''لغزش سے تجربہ ہے اور تجربے سے حکمت'' شاعر اس مصرعے میں کیا کہنا چاہتا ہے؟

(iv) ''سرخ پرچم'' کس بات کی علامت ہے؟

7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو(100) الفاظ میں جواب لکھئے۔ (4)

(i) پریم چند کی ناول نگاری پر ایک مضمون لکھئے۔

(ii) کہانی ''کلرک کی موت'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

8۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (6)

(i) موٹر کو دیکھ کر مصنف کو کیا خیال آیا اور وہ کیا سوچنے لگا؟

(ii) آغا حشر کاشمیری کی ڈراما نگاری کی خصوصیات لکھئے۔

(iii) افسانے کا عنوان 'جنم دن' کیوں رکھا گیا؟

(iv) ڈراما 'یہودی کی لڑکی' کے اہم کرداروں کو قلمبند کیجئے۔

9۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے تفصیلی جواب لکھئے۔ (20)

(i) دبستانِ لکھنو کی شاعری کی کیا خصوصیات ہیں؟

(ii) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

(iii) اردو زبان کے آغاز و ارتقاء پر ایک نوٹ لکھئے۔

(iv) ترقی پسند تحریک کے اغراض و مقاصد کیا تھے؟

10۔ درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (15)

(i) غالب کی غزل گوئی کی خصوصیات واضح کیجئے۔

(ii) رومانوی تحریک کے زیر اثر سجاد حیدر یلدرم کی تحریری خصوصیات کا جائزہ لیجئے؟

(iii) خواجہ الطاف حسین حالی کی نظم نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

(iv) سائنٹفک سوسائٹی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

11۔ درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھئے۔ (5)

(i) جس نظم میں کسی کی مدح کی جائے، اسے کہتے ہیں؟

(a) مثنوی

(b) قصیدہ

(c) رباعی

(ii) کہانی 'جلتی جھاڑی' کا تخلیق کار کون ہے؟

(a) نرمل ورما

(b) سریندر پرکاش

(c) بلونت سنگھ

(iii) ''سکون کی نیند'' ہے ایک

(a) مکتوب

(b) سفرنامہ

(c) مختصر افسانہ

(iv) ان میں سے کون شاعر نہیں ہے؟

(a) ناصر کاظمی

(b) معین احسن جذبی

(c) خواجہ حسن نظامی

(v) ''وقت کا ترانہ'' کس صنف سے متعلق ہے؟

(a) نظم

(b) طویل نظم

(c) غزل

.................☆☆☆.................